# ایم کیوایم ملک کو پروگریسو ملک بنا کر تمام پاکستانیوں کیلئے بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدے مسلک، انصاف، میرٹ اور مساوات کا نظام قائم کرنا چاہتی ہے، رابطہ کمیٹی کی راولپنڈی میں پریس کانفرنس

راولپنڈی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد تحریک ہے جو ملک اوراس کے عوام کوفرسودہ ظالمانہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام سے نجات دلانے کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں پرامن جدوجہد کررہی ہے تاکہ ملک کو پروگریسو ملک بنا کر تمام پاکستانیوں کیلئے بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان، عقیدے، مسلک ،انصاف، میرٹ اور مساوات کا نظام قائم کیا جائے اوراس کے علاوہ تمام صوبوں کوان کے جائز حقوق دیے جائیں اور ملک کے 98 فیصد عوام کواس ظالمانہ نظام سے نجات دلا کر پاکستان سے کرپٹ گلے سڑے فرسودہ موروثی سیاسی نظام کا خاتمہ کیا جاسکے اور پاکستان کو بچایا جاسکے، جس کی قیادت وکارکنان 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہوں متحدہ قومی موومنٹ نے پاکستان کی تاریخ میں میرٹ کی بنیاد پر نمائندے منتخب کرا کے اسمبلیوں میں بھیجے۔ ان خیالات اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسین چوہدری، ایم کیوایم کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، حق پرست ارکان قومی اسمبلی ساجد احمد اور دیگر ذمہ داران نے راولپنڈی پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے 98 فیصد عوام کو یہ بتانا ضروری تھا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو جس طرح ملک کے دیگر حصوں کی طرح پنجاب میں بھی پذیرائی مل رہی ہے تو پنجاب کے عوام کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی نے پنجاب میں باقاعدہ تنظیم نو کا ایک سلسلہ شروع کیا تھا، پنجاب میں بڑھتے ہوئے تنظیمی کام کو مدنظر رکھ کر صوبہ پنجاب کے چار زونوں پر مشتمل تنظیمی طور پر متحدہ کا اسٹرکچر تشکیل دیا گیا ہے، اس میں لوئر پنجاب زون جس کا آفس ملتان میں ہے، اس کے ذمہ داران کا اعلان کیا جاچکا ہے دوسرا زون سینٹرل زون پنجاب ہے جس کے زون کا آفس گوجرانوالہ میں ہوگا اس زون کے ذمہ داران کا علان بھی کیا جاچکا ہے تیسرا زون اپر پنجاب میں ہے، جس کا زون آفس راولپنڈی میں ہے اوراس کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان گزشتہ روز کردیا گیا۔ راولپنڈی زون کی 16 رکنی زونل آرگنائزنگ کمیٹی ہے جس کے انچارج زاہد ملک ہیں اس کمیٹی میں تین جوائنٹ انچارجز میں منصور بن مختار، اقرار شاہ اور فہیم الحق ہیں جبکہ کیپٹین (ر) رحیم شاہ بخاری ، سید ساجد اقبال، گل اخلاق ایڈووکیٹ، مصباح الاسلام ایڈووکیٹ، احمد نواز، متین خان، عابد خان، نوید اختر خان، امجد لودھی، ضیاء الحق کیانی ایڈووکیٹ اورسیدہ فرحانہ شیراز باجی ،نگہت اسٹفین باجی ممبران ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپر پنجاب کے زونل آفس کیلئے مری روڈ پر جگہ تلاش کی جارہی ہے اور جگہ کی تلاش تک یہ زونل آفس عارضی طور پر اسلام سیکریٹریٹ زونل آفس میں ہوگا۔ راولپنڈی زون میں اسلام آباد، اٹک، جہلم، چکوال، منڈی بہاؤالدین، خوشاب، میانوالی اور بھکر کے اضلاع شامل ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا ایم کیوایم کا ایک تنظیمی سیٹ اپ ہے جس کے تحت زونل کمیٹی اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین پر مشتمل اراکین ملکر راولپنڈی زون کے تمام اضلاع میں جا کر کارکنوں کے انٹرویو کے بعد وہاں ضلعی سطح پر کمیٹیاں بنائیں گے اور پنجاب کے تنظیم نو کا کام مکمل ہوجانے کے بعد تمام اضلاع میں ممبر سازی مہم شروع کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ چوتھے نمبر لاہور زون ہے لاہور زون کے ذمہ داران کا اعلان 10 جنوری 2010 کو عظیم الشان جنرل ورکرز اجلاس کے دوران کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے صحافیوں سے کہا کہ وہ راولپنڈی اسلام آباد میں قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور پیغام حق پرستی کو پھیلانے میں اہم کردار ادا کرتے رہیں گے اور ایم کیوایم بھی صحافیوں کے مسائل کے حل کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کی رہنمائی میں صحافتی تنظیموں کے ساتھ مل کر مسائل کے حل کیلئے کوشاں رہیں گے۔

☆☆☆☆☆